قاری تاج محمد شاکر کو صدمہ

جماعت کے معروف شاعر و خطیب حضرت مولانا قاری تاج محمد شاکر صاحب خطیب پتوکی کے والد محترم میاں رحمت علی 17 دسمبر 2003 کو قضاء الٰہی سے انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نہایت صالح، متقی، پرہیزگار تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ کمیٹی گراؤنڈ پتوکی میں بقیۃ السلف حضرت مولانا حافظ محمد یحییٰ عزیز میرمحمدی حفظہ اللہ نے پڑھائی۔ جسمیں علمائے کرام اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

اساتذہ، طلبہ و انتظامیہ جامعہ سلفیہ اور ادارہ ترجمان الحدیث حضرت قاری تاج محمد شاکر صاحب کے اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بشری لغزشوں سے درگزر فرماتے ہوئے مرحوم کو جنۃ الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے اور قاری صاحب سمیت تمام لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

(ادارہ)

مولانا حبیب الرحمن خلیق کو صدمہ

مولانا حبیب الرحمٰن خلیق فاضل مدینہ یونیورسٹی مدرس دارالقرآن فیصل آباد کے والد محترم جناب میاں محمد یوسف صاحب مورخہ 21 دسمبر 2003 بروز اتوار قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی متقی، پرہیزگار انسان تھے۔ ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے پڑھائی جس میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔

ادارہ ترجمان الحدیث، مولانا خلیق صاحب و دیگر لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق فرمائے۔ آمین

(ادارہ)

قاری محمد اسلم بلوچ قصوری وفات پاگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

استاذ الحفاظ قاری محمد اسلم بلوچ قصوری بتاریخ 30 دسمبر 2003 کو شام گوجرانوالہ میں حرکت قلب بند ہونے سے 42 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی ساری زندگی درس و تدریس میں گزری اور ان کے شاگردوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ دوسرے روز ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں رتی پنڈی نزد کوٹ رادھا کشن ضلع قصور میں ادا کی گئی اور سپرد خاک کیا گیا۔ مرحوم نے پسماندگان میں والدین، بیوہ، اور 4 بچے چھوڑے ہیں۔ ادارہ ترجمان الحدیث لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعاگو ہے کہ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

(ادارہ)

توجہ فرمائیں

نہایت مسرت سے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد 2005ء میں اپنی خدمات کے پچاس سال مکمل کر رہا ہے۔ اس تاریخی موقعہ پر ادارہ ''ترجمان الحدیث'' کا خصوصی نمبر شائع کر رہا ہے۔ جس کی تیاری الحمدللہ شروع ہے۔ کچھ مضامین موصول ہو چکے ہیں۔ ہم تمام علمائے کرام، شیوخ الحدیث، مفکرین، سکالرز اور اہل قلم سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ اپنی نگارشات (جس میں جامعہ کی تاریخ، بانیان جامعہ کے حالات اور تاریخی واقعات درج ہوں) جلد از جلد بھجوائیں۔ نیز مشتہرین حضرات اولین فرصت میں رابطہ کریں۔ (ادارہ)

اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر، کاٹن سفید و رنگدار پختہ کلر

فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ

ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز

041-633809
Mob# 0300-9653599

پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد

درخواست دعائے صحت: جماعت کی معروف علمی و تحقیقی شخصیت مولانا عبدالرحمٰن عزیز صاحب الہ آبادی ان دنوں ٹانگ کی تکلیف کی وجہ سے علیل ہیں۔ قارئین موصوف کی صحت کیلئے دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ (آمین) ''ادارہ''